15/02/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

راحتPM

مرکزی سرکار نے سڑک حادثات کے شکار افراد کو اسپتال میں داخل کرانے اور وہاں اُن کا راحت نامی ایک سکیم شروع کی ہے۔ وزیر اعظم PMعلاج و معالجہ یقینی بنانے کی غرض سے نریندر مودی کی طرف سے منظوری ملنے کے بعد سکیم کا آغاز کل نئی دلی کے سیوا تیرتھ سے کیا گیا ۔

اس سکیم کے تحت سڑک حادثات کے شکار اہل افراد کو حادثے کے سات دنوں تک ڈیڑھ لاکھ روپے تک کا بغیر نقدی علاج فراہم کیا جائے گا۔ علاج کی رقم متعلقہ اسپتالوں کو بعد میں موٹر وہیکل ایکسیڈنٹ فنڈ سے فراہم کی جائے گی۔

سڑک ، شاہراؤں اور ٹرنسپورٹ کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ سکیم سرکار کے اس عزم کی عکاس ہے کہ سرکار اس بات کو یقینی بنائے گی کہ سڑک حادثے کے بعد فوری مرہم پٹی نہ ملنے کے باعث کوئی جان ضائع نہ ہو۔

گُونگُل

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار میں3روزہ ایگری ٹیک کسان میلے” گُونگُل“ جا ری ہے۔ میلے کا افتتاح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کیا۔زرعی شعبے کو ترقی دینے میں جموں اور کشمیر کی زرعی یونیورسٹیوں کی ستائش کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ حکومت زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو ترقی کی بلندیوں تک لیجانے کی وعدہ بند ہے۔

آج میلے کے دوسرے دن بھی کا فی تعداد میں عام لوگ اور کسان شرکت کر رہے ہیں، جو وہاں پیڑ پودے ، بیج اور دیگر سامان کی خریداری کے ساتھ ساتھ کاشتکاری کے جدید طور طریقوں کے بارے میں جانکاری حا□ل کر رہے ہیں ۔

ہیرتھ

ملک بھر میں آج مہا شیو راتری کی دھوم ہے۔ جمونو کشمیر میں پنڈت برادری نے یہ تہوار کل ہی بطور ہیرتھ منایا۔ انہوننے اپنے گھروں میں وٹکپوجا کی۔

اس سلسلے میں شیو مندروں کو خاص طور پر سجایا گیا ہے۔ پنڈت برادری والے علاقوں میں کل سے ہیرتھ اور مہا شیو راتری کی کا فی گہما گہمی دیکھی جا رہی ہے۔

وہ تہوار کے دوسرے روز آج سلام پیش کر رہے ہیں، جس کے تحت وہ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں میں نوید کے طور پر اخروٹ بانٹ رہے ہیں۔

پولیس

جمونو کشمیر پولیس منشیات سے جڑے جرائم کے خلاف سرگرم عمل ہے اور اُس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات سے جڑی کسی بھی طرح کی ہلچل کی خبر فوری طور سے پولیس کو دیں۔

ایکٹ کے تحت ایک NTPS ایک تازہ کارروائی میں جموں وکشمیر پولیس نے میمندر شوپیان میں مکان کو سر بمہر کر دیا ہے۔ سر تاج احمد گنائی نامی ڈرگ سمگلر کے اس مکان کی قیمت ساڑھے26لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔

ورکشاپ

محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کی جانب سے میڈیا کمپلیکس جموں میں جموں کے □حافیوں کےلئے” اخلاقی □حافت اور □حافت کے اُبھرتے منظر نامے“ کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا۔

ورکشاپ کا مق□د □حافت کے پیشہ وروں کو موجودہ ڈیجیٹل زمانے کے اخلاقی تقاضو ں اور معیارات کی کلیدی اہمیت کے بارے میں روشناس کرانا تھا۔ اس موقعے پر محکمے کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے۔

DCs

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں آنے والے ماہ رمضان المبارک کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے با زاروں میں قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے اور لازمی اشیاءکی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے ضلعے کے شیخ گنڈ علاقے میں منعقدہ گرام دِوس کے پروگرام میں عوامی مسائل کی سماعت کی۔ انہوننے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت نمایاں کوششیں کرنے پر علاقے کے کارکنوں کی سراہنا کی۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور نے ضلع سطح کی ٹیلی کام کمیٹی کی میٹنگ میں ٹیلی موا□لات کے بنیادی ڈھانچے اور اس سیکٹر سے جڑی عوامی شکایات کا جائزہ لیا۔ انہوننے بھارت نیٹ کی فوری اجرائی پر زور دیا۔NOCsکے کاموں کی تیز تر تکمیل یقینی بنانے کےلئے

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اِندو کنول چب نے شادی پورہ عارضی کیمپ کا دورہ کر کے وہاں یاترا2026کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے ساتھ ہی ضلع افسروں کی میٹنگ کے دوران 2025-26 کے ضلع کیپکس بجٹ کے تحت در دست لئے گئے کاموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں اِندو کنول چب نے سوچھ بھارت مشن کے تحت سالڈ ویسٹ منیجمنٹ سے متعلق امور پر عمل آوری کا بھی جائزہ لیا۔

کرکٹ

کرکٹ عالمی کپ2026 کے ایک میچ میں آج بھارت کا مقابلہ اپنے T-20 مردوں کے آئی سی سی روایتی حریف پاکستان سے ہو گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام7بجے سے آر پریمہ داسا اسٹیڈیم میں کھیلاجائے گا۔

یہ دونوں ٹیمیں پہلے کھیلے گئے دو میچوں سے چار چار پوائنٹ کے ساتھ برابری پر ہیں، لہٰذا یہ دونوں ٹیمیں جیت کی سمت میں اپنی رفتار برقرار رکھنے کی کوشش کریں گی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ